نعت ﷺ

اے مہِ نورِ ازل، اے شہِ لولاک قدم
چل کے آیا ہے بڑی دور سے محتاجِ کرم
اپنی پلکوں پہ جلائے ہوئے طیبہ کے چراغ
اپنی سانسوں میں بسائے ہوئے خوشبوئے حرم
اپنے ماتھے پہ سجائے ہوئے سجدوں کا خلوص
اپنے ہاتھوں میں لئے حسنِ عقیدت کا علَم
اپنے سینے میں چُھپائے ہوئے شرمِ عصیاں
اپنے کاندھوں پہ اٹھائے ہوئے کہسارِ الَم
میری معراجِ نظر گنبدِ خضرا کا جمال
میرا مقصودِ سفر آپ کا دامانِ کرم
آپ کی مدح کا حق مجھ سے ادا ہو کیسے
میرے قابو میں نہ الفاظ نہ لہجہ نہ قلم
اے مہِ برجِ صفا، مہرِ جہاں تابِ حرا
رہبرِ سدرہ نفس، راکبِ معراج قدم
وجہِ تکوینِ جہاں باعثِ تحریکِ زماں
حاصلِ لوح و قلم، خالقِ تاریخِ اُمم